سوال

(679) درود وسلام کے بارے میں آپ ﷺ کا حکم

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

درود وسلام کیا ہے نبی کریم ﷺ کا کیا ارشاد گرامی ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

نبی کریم ﷺ کے لیے اللہ تبارک وتعالیٰ سے رحمت وسلامتی کی دعا کرنے کا نام درود وسلام ہے اس سلسلہ میں رسول اللہ ﷺ سے ثابت شدہ کلمات والفاظ پڑھنا ہی بہتر ہے اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے :

إِنَّ ٱللَّهَ وَمَلَٰٓئِكَتَهُۥ يُصَلُّونَ عَلَى ٱلنَّبِىِّ ۚ يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُوا۟ صَلُّوا۟ عَلَيْهِ وَسَلِّمُوا۟ تَسْلِيمًا --احزاب56

''اللہ اور اس کے فرشتے نبی پر درود بھیجتے ہیں اے مسلمانو تم بھی اس پر درود وسلام بھیجا کرو''

رسول اللہ ﷺ سے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے پوچھا سلام تو آپ نے ہمیں تعلیم فرما دیا اب فرمائیں ہم آپ پر درود کیسے بھیجیں ؟ تو رسول اللہ ﷺ نے انہیں درود ابراہیمی (جو نماز میں پڑھا جاتا ہے) تعلیم فرما دیا ۔ (بخاری کتاب التفسیر ۔ سورۃ الاحزاب و مسلم) سنن کی روایت ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو مجھ پر ایک دفعہ درود بھیجتا ہے اللہ تعالیٰ اس پر دس دفعہ درود (رحمتیں) بھیجتا ہے ۔ (نسائی وسندہ صحیح ۔ بحوالہ مشکوۃ ۔ کتاب الصلاۃ ۔ باب الصلاۃ علی النبی ﷺ وفضلها ۔ الفصل الثانی)

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

احکام و مسائل

ذکر و دعا کے مسائل ج1ص485